سوال

(554)احرام کے دوران بال ٹوٹنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس عورت کا کیا حکم ہے جس کے سر کے بال احرام کے دوران میں نہ چاہتے ہوئے بھی ٹوٹتے ہوں یا گرتے ہوں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر محرم، مرد ہو یا عورت، اس کے سر سے وضو کرتے ہوئے یا غسل کرتے ہوئے بال ٹوٹیں یا گریں، تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اسی طرح اگر بلا عمد ناخن ٹوٹ جائے یا مرد کی داڑھی یا مونچھوں سے بال گرتے ہوں تو کوئی مضائقہ نہیں۔ منع یہ ہے کہ جان بوجھ کر عمداً (احرام کی حالت میں) بال یا ناخن کاٹنا جائز نہیں ہے۔ اور جو از خود ٹوٹتے یا گرتے ہوں تو وہ مردہ بال ہوتے ہیں جو معمولی حرکت سے گرنے لگتے ہیں، ان کا کوئی علاج نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 400

محدث فتویٰ